https://ataunnabi.blogspot.com/

محبِّ وطن پاکستانیوں کے لئے
چشم کُشا تحریر۔۔۔۔۔۔

غدارِ وطن جماعت۔۔!

تحریر و تحقیق
غازی محمد ثاقب شکیل جلالی
امیر تحریک تحفظِ اسلام پاکستان

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

انتساب

میں اپنی یہ حقیرانہ سی کاوش قدوۃ السالکین، زبدۃ العاشقین،
ثانیءِ جامِ سرہند، مربی مشرب بخارا، پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت،
قیوم زماں، مظہر تجلیات صدیقیاں، جگر گوشہ حضور حافظ الحدیث،
استاذ العلماء، جانشین اول، سیدی و مرشدی، قبلہ پیر
سید محمد مظہر قیوم شاہ صاحب مشہدی المعروف حضرت ثانی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ
آف بھکھی شریف ضلع منڈی بہاؤالدین کے نام کرتا ہوں جنہوں
نے مجھ جیسی خاکِ رہ گزر کو اپنی نظر کیمیا سے ختم نبوت کے عنوان پر
خامہ فرسائی کا فیضان بخشا۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

اظہار میں باطن کی حقیقت نہیں ہوتی
مرزائی کا دل ہوتا ہے صورت نہیں ہوتی
آئین کی رو سے مسلمان نہیں ہیں
تاویل کی محتاج شریعت نہیں ہوتی
مرعوب کسی دعوے سے ہوتا نہیں قانون
انصاف کی آواز میں لکنت نہیں ہوتی
چپ رہتا مظفر تو گنہگار ٹھہرتا
سچ کہنے سے توہین عدالت نہیں ہوتی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

عصرِ من پیغمبرے ہم آفرید — آنکہ در قرآں جز خود را ندید
شیخ کرد فرنگی را مرید — گرچہ گوید از مقامِ بایزید
گفت دیں را رونق از محکومیت — زندگانی از خودی محرومیت
دولتِ اغیار را رحمت شمرد — رقصہا گردِ کلیسا کرد و مُرد
از دم او روحدتِ قومے دو نیم — کس حریفش نیست جز چوب کلیم

علامہ اقبالؒ نے بانی تحریک احمدیت بارے مندرجہ بالا اشعار تحریر کیے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ جمیل

محترم جناب ڈاکٹر محمد غلام مصطفیٰ اعوان صاحب

(ر) ایڈیشنل سیکرٹری حکومت پاکستان

امابعد! عزیز القدر غازی محمد ثاقب شکیل جلالی امیر تحریک تحفظ اسلام پاکستان کی تالیف کردہ کتاب مستطاب "غدارِ وطن جماعت" کا تفصیلی مطالعہ کیا ہے۔ اور اس کتاب کی تائید و (توثیق) کرتے ہوئے اس پر اپنی تقریظ لکھنا میری تسلی کیلئے کافی ہے۔ امید ہے غازی محمد ثاقب شکیل جلالی صاحب حفظ اللہ تعالیٰ نے جس جان فشانی اور محنت سے عقیدہ ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اُجاگر کیا ہے۔ اور خاتم المرسلین، رحمت عالمیان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بلند و بالا شان نہایت ہی مدلل انداز پر مرتب کر کے کل قیامت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصی شفاعت سے بہرہ مند ہوں گے۔

عقیدہ ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے دین اسلام کی بنیاد ہے۔ اگر اس عقیدہ میں ذرا سی بھی کمی آجائے تو مسلمان اپنے قیمتی ایمان سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔ سید محمد جلال الدین مشہدیؒ نے کہا تھا کہ

جس طرح روشنی کے تمام مراتب و کمالات کا سلسلہ عالم اسباب میں آفتاب پر ختم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح نبوت و رسالت کے تمام مراتب و کمالات کا سلسلہ بھی حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وجود مسعود پر ختم ہو جاتا ہے۔

آپ نبوت و ہدایت کے وہ مہر درخشاں ہیں کہ جس کے طلوع ہونے کے بعد اب کسی دوسری روشنی کی ضرورت نہیں رہی۔ عقیدہ ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلمانوں کی وحدت اور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

یگانگت کی سب سے بڑی علامت ہے۔ دشمنانِ اسلام نے مسلمانوں کے اس غیر متزلزل اور بنیادی عقیدے پر ہر دور میں مختلف روپ بدل کر بے شمار حملے کیے مگر انہیں ہمیشہ منہ کی کھانی پڑی جھوٹ آخر جھوٹ ہوتا ہے۔ اگر ”لا نبی بعدی“ کا مفہوم سلامت نہیں تو ایمان کی جز و کا کروڑواں حصہ بھی نہیں رہے گا۔ جڑ کو گھن لگے تو شاخ اور پتیاں بھی سلامت نہیں رہتیں۔

عقیدے کو درست سمجھو جب تک جڑ مضبوط نہ ہو درخت بار آور نہیں ہو سکتا۔ ذہن نشین کر لیں اور اس پر استقامت اختیار کریں اب وہ مائیں دنیا میں کبھی پیدا نہیں ہونگی جو نبی پیدا کرتی تھیں۔ مشاطۂ ازل نے وہ کنگھی ہی توڑ ڈالی جو زلفِ نبوت سنوارا کرتی تھی۔

رُخِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ نہ ہماری بزمِ خیال میں، نہ دوکانِ آئینہ ساز میں۔

جناب غازی ثاقب شکیل جلالی صاحب نے جس محنت سے تاریخ کی ان جھوٹوں اور خبیث ترین جماعت کی زندگیوں اور عقائد کا پوسٹ مارٹم کیا ہے وہ قابلِ ستائش ہے۔ اللہ پاک زورِ قلم اور زیادہ کرے۔

ڈاکٹر محمد غلام مصطفیٰ اعوان

(ر) ایڈیشنل سیکرٹری حکومت پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ جمیل

مصنف کتبِ کثیرہ محترم ملک محمد شفیع صاحب کراچی، حال مقیم اسلام آباد

غازی محمد ثاقب شکیل جلالی صاحب امیر تحریک تحفظ اسلام پاکستان کا تحریر کردہ مجلہ بعنوان ”غدارِ وطن جماعت“ احمدیہ قادیانی کو تفصیلی طور پر پڑھنے کا موقع ملا۔ الحمدللہ جس جانفشانی کے ساتھ قادیانیت کے اسلام اور پاکستان کے خلاف مکروہ کارنامے اور اُس تحریک کے سرکردہ جہنمی افراد بالخصوص اور اُن کے پیروکار بالعموم کے کردار اور زبان درازی سے آگاہ فرمایا ہے۔ بہت زبردست کاوش اور محنت سے حقائق کو حتی المقدور اکٹھا کر کے پاکستانی عوام، علمائے کرام اور حکومت کے ذمہ داران کو آگاہ کیا ہے۔ یہ بہت بڑا کام ہے۔ باری تعالیٰ جناب غازی محمد ثاقب شکیل جلالی صاحب کو اجرِ عظیم عطا فرمادے آمین۔

جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب کے دورِ حکومت میں بڑا جراتمندانہ قدم اُٹھا کر قادیانیوں کو کافر قرار دیتے ہوئے اس تنظیم اور تحریک کو مزید پھلنے اور پھولنے سے روکا گیا۔ مگر اُس وقت تک بہت دیر ہو چکی تھی۔ پاکستان کی نوزائیدہ مملکت کے اندر ابتدائی طور پر یہ کافر لوگ حکومت کے اہم اہم شعبوں اور محکموں میں شامل ہو کر اس نئی مملکت کو نقصان پہنچانے لگے۔ پاکستان اور پاکستانیوں کے کردار کو اور خاص طور پر ہمارے لوگوں کے جذبہ حریت کو بہت نقصان پہنچایا۔

ختم نبوت اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہماری وابستگی کو غلط پروپیگنڈہ سے نقصان پہنچایا۔ چونکہ انہیں حکومت میں شامل ہو کر مذموم مقاصد کو بیرونی ممالک میں در پردہ پھیلانے کا بہت موقع ملا۔ بیرون ممالک میں پاکستان ایمبیسیوں میں انہی قادیانیت کو پھیلانے اور پاکستان کی نوزائیدہ حکومت کے خلاف پرچار کرنے کا موقع ملا۔ جسکی سراسر ذمہ داری اُس وقت

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حکومت پاکستان کے سربراہان کی ذمہ داری تھی۔ جو مصلحت کے طور پر اور شائد ذاتی مفادات کیلئے اُن کی مذموم حرکتوں سے آنکھیں بند کرتے رہے۔

اس کے باوجود ممکن ہے کہ نوزائیدہ پاکستان کے سربراہوں کو وقتی مصلحت کے تحت چپ سادھنی پڑی کہ اُس وقت بھی پاکستان اور مسلمانوں کے دشمنوں کی کمی نہیں تھی۔ جو اس نوزائیدہ ملک کو ابتدائی طور پر ختم کرنے کے درپے تھے۔ لیکن رب العزت نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اس اسلام کے قلعہ کو قائم دائم رکھنا تھا۔ سو چاروں طرف دے دشمنوں سے گھرے اوران اندرونی غدارِ اسلام اور غدارِ پاکستان دشمنوں قادیانیوں سے بھی اسے محفوظ رکھا۔ اور انشاء اللہ تا قیامت یہ ملک بھی قائم رہیگا۔ اور ہمارے رہبر اعظم حضرت جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دین۔ دین محمدی بھی پھلے پھولے گا۔ اور تا قیامت قائم رہیگا۔ اور یہ غدار قوم کڑھتے اور لڑتے رہیں گے۔

چوہدری ظفر اللہ، ایم ایم احمد، شعیب جیسے بیوروکریٹس اور افواج پاکستان کے اندر بڑے بڑے عہدوں پر یہ لوگ قبضہ جمائے ہوئے تھے کیونکہ ان کی پشت پناہی اسرائیل اور ہندوستان کے علاوہ اور بہت سے اسلام دشمن اور ملک پاکستان کے دشمن اُن کی سرپرستی کر رہے تھے۔ اور مسلسل کر رہے ہیں۔

درج بالا رسالہ میں حقائق کو انتہائی محنت اور جانفشانی سے اُجاگر کرنے پر میں محترم غازی محمد ثاقب شکیل جلالی صاحب کو دلی مبارکباد دیتا ہوں۔ جہاں حضرت مہر علی شاہ گولڑوی جیسی بزرگ ہستیوں نے اس فتنہ کو ختم کرنے کی اپنے رفقائے کار کے ساتھ شب وروز کوشش کی۔ اب یہ مشن جناب غازی صاحب کے سپرد رب تعالیٰ نے فرمایا ہے اور انشاء اللہ ان کی کوششوں سے یہ مردود قادیانی یا تو مسلمان بنیں گے یا اس ملک سے بیدخل ہو جائیں گے۔

تمام دنیا کے مسلمانوں اور پاکستان کے غیور مسلمانوں کی یہ انتہائی ذمہ داری ہے۔ کہ وہ دامے، درمے، سخنے جناب غازی محمد ثاقب شکیل جلالی صاحب اور اس تحریک کے ان کے ساتھیوں کی مدد کریں اور اس شر کے فتنہ کو ختم کر کے اسلام کا بول بالا کریں اور حضور پرنور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دین متین کی حفاظت کریں۔ باری تعالیٰ ان کی حفاظت فرمائے۔ آمین

ملک محمد شفیع

کراچی

سابق چیئرمین مصالحت کونسل

یونین کونسل گلشن اقبال کراچی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقریظ جمیل

حضرت علامہ مولانا مفتی حافظ محمد یونس نظامی صاحب

فاضل جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

تاریخ ایک ایسا علم ہے جسکی اہمیت شروع سے ہی مسلمہ رہی ہے اور یقیناً قیامت تک اسکی افادیت برقرار رہے گی۔ تاریخ کا سادہ سا مطلب یہ ہے کہ آنے والی نسلوں کو گذشتہ حالات و واقعات کی صحیح خبر دینا۔ اور یہ انسانی ترقی کے لئے ازحد ضروری ہے۔ کیونکہ ہر قوم مستقبل کی پالیسی اپنے ماضی کو مدنظر رکھ کر مرتب کرتی ہے مگر مقام افسوس ہے کہ ہمارے پیارے وطن کے تعلیمی نصاب سے قومی ہیروز کے تذکرے جدیدیت کے نام پر ختم کر دیئے گئے ہیں اسی طرح فتنہ پرست عناصر کی نشاندہی بھی معدوم ہوگئی ہے تاکہ وقت کی گرد کا سہارا لے کر مجرموں کو محرموں کا جامہ پہنایا جاسکے دریں اثنا تحریک تحفظ اسلام پاکستان کے مرکزی امیر جناب محترم غازی محمد ثاقب شکیل جلالی صاحب نے تاریخ کے ایک گوشے سے گرد جھاڑی ہے۔ جسکا نتیجہ "غدارِ وطن جماعت" کے نام سے ہمارے سامنے ہے۔ اس کتاب میں قبلہ غازی صاحب نے ملک پاکستان کی سب سے بڑی دشمن تنظیم یعنی جماعت احمدیہ کی ملک دشمنی کے چند نمونے رکھ کر گویا یہ اعلان کیا ہے کہ تحریک پاکستان سے اب تک مرزائیوں قادیانیوں کی سیاہ کاریوں کا ظاہری کردار اتنا گھناؤنا ہے تو ان کا باطن پاکستان کے لئے کتنا گندا اور خطرناک ہوگا۔ غازی صاحب اپنی اس کاوش میں مبارکباد کے مستحق ہیں کہ جو باتیں پہلے صرف تاریخ کے باریک بین ہی جانتے تھے انہیں عوامی سطح پر لے آئے ہیں تاکہ معلوم ہو کہ آدھے پنجاب کا بھارت کو ملنا، مشرقی دریاؤں پر بھارت کا قبضہ، مسئلہ کشمیر، سقوط ڈھاکہ سمیت پاکستان کو جہاں بھی نقصان ہوا ہے اسکے پیچھے قادیانی لابی ہی نظر آتی ہے اس سے یہ

بات روز روشن کی طرح عیاں ہو جاتی ہے کہ قادیانی ٹولہ مذہب کے لبادے میں چھپا ہوا ایک ایسا سیاسی اور صیہونی گروپ ہے جو ہر لحہ پاکستان کے خلاف سرگرم عمل ہے شاید اسی بات کو مصور پاکستان حضرت علامہ اقبال علیہ الرحمہ نے برسوں پہلے محسوس کر لیا تھا کہ

"قادیانی اسلام اور وطن دونوں کے غدار ہیں"۔

تحریک تحفظ اسلام پاکستان جس مخصوص انداز سے فتنوں کی نشاندہی کر رہی ہے یہ اس کا طرۂ امتیاز ہے۔ امید کرتا ہوں کہ دور حاضر میں اس انداز سے دین کی خدمت جس میں ملکی وقار کو خصوصاً مدنظر رکھا جا رہا ہے قابل ستائش بھی ہے اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ بھی۔ دعا ہے کہ اللہ کریم غازی ناموس رسالت، مجاہد ختم نبوت غازی محمد ثاقب شکیل جلالی کو لمبی زندگی، صحت، علم وعمل اور توفیق عطا فرمائے۔ کہ وہ حق کا بول بالا کرتے ہوئے نوجوانوں کو اسی طرح راہ حق سے آشنا کرتے رہیں اور باطل فرقوں کا منہ کالا کرتے رہیں۔

والسلام مع العجز والاکرام

حافظ محمد یونس نظامی
خادم تحریک تحفظ اسلام پاکستان
فاضل جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور
0343-4319968

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

مدینہ المنورہ شریف کے بعد پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جو کہ خالصتاً کلمہ طیبہ کی اساس پر حاصل کیا گیا۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ نے ایک بیان میں فرمایا تھا کہ

"ہم نے یہ خطہ ارض (پاکستان) اس لئے حاصل کیا ہے کہ ہم یہاں اسلام کے اصولوں کا تجربہ کریں گے"

اور اگر کسی نے یہ سوال کیا کہ ملک کا آئین کیسا ہوگا اسلامی یا سیکولر؟ تو آپ کا برجستہ جواب کچھ یوں تھا کہ

"ملک کا آئین تیرہ سو سال پہلے سے بن چکا ہے۔ قرآن مجید کے مطابق ہمارے ملک کا آئین ہوگا"

جب قائداعظم محمد علی جناحؒ نے اس طرح کے بیانات جاری فرمائے تو عالم باطلہ' یہودیت میں لرزہ طاری ہوگیا۔ اور یہودی وعیسائی لابی نے اس نوزائیدہ مملکت اور مسلم کمیونٹی کے خلاف سازشوں کے انبار لگانا شروع کردیئے۔ ہندوؤں سمیت ہر باطل قوت کی زبان پر یہ کلمہ رقص کر رہا تھا کہ یہ ملک زیادہ دیر نہیں چل سکے گا۔ جلد ہی اکھنڈ بھارت میں تبدیل ہوجائے گا۔ یعنی جو سازشیں اندر ہی اندر تیار کی جارہی تھیں وہ زبانوں پر بھی آگئی تھیں پوری دنیا کو اس بات کی تکلیف تھی کہ یہ ملک کیوں اور کیسے معرض وجود میں آگیا۔۔۔؟؟

اس پاک سرزمین کو صفحۂ ہستی سے مٹانے کے ناپاک عزائم کی خاطر یہود و نصاریٰ نے طرح طرح کی پلاننگ کی اور مختلف طریقے اپنائے۔ ہر قسم کی ناانصافی کی اور اوائل سے ہی ملک پاکستان کے حقوق کو دبا کے رکھا اور مسلم اکثریتی علاقے بھارت کی گود میں رکھ کر مسلم دشمنی کا کھلم کھلا اظہار کیا لیکن ساتھ ساتھ مسلمانوں کو ہمیشہ کیلئے شکست خوردہ کرنے کے لئے جو برطانوی سامراج نے چال چلی وہ انتہائی تکلیف دہ تھی۔ جسکی پوری پوری سرپرستی یہود نے بھی کی۔ باقی تمام سازشیں

ایک طرف لیکن یہ سازش جو برطانوی سرپرستی میں چلائی گئی اس نے واقعی اس نوزائیدہ مملکت اور مسلم کاز کو انتہائی گہری چوٹ لگائی۔ یہ سازش دو طرح کے کام کرنے کیلئے کی گئی تھی ایک طرف سے مسلمانوں کو اعتقادی طور پر کمزور کرنا اور دوسری طرف سے مسلمان ملک پاکستان کو سیاسی طور پر کمزور کر کے اس پر بالواسطہ یہودی وعیسائی لابی کا پنجہ گھاڑنا تھا۔

آج تک ہم اس برطانوی سامراجی سازش یعنی قادیانیت کا مذہبی حوالے سے تعارف پیش کرتے رہے کہ کس طرح سے ان بے ضمیر لوگوں نے اللہ تعالیٰ اور اسکے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں ہرزہ سرائیاں کرنا اپنا فرض عین سمجھ رکھا ہوا ہے لیکن ہمارے ملک پر ان کی سیاسی پالیسی کی بدولت ہمارے ملک کی مخلص ایجنسیز اور انتظامیہ کو یہ باور کروایا جاتا رہا کہ مذہبی انتشار پھیلایا جارہا ہے ورنہ قادیانی نہایت خوش اسلوبی سے تبلیغ کر رہے ہیں اور فرقہ واریت میں قادیانیت کو بھی پیش کیا جاتا رہا۔ جسکی وجہ سے غدار قادیانیوں اور جماعت احمدیہ کی بجائے مخلص اور محب وطن مسلم علماء کو نشانہ عبرت بنایا جاتا رہا۔

آج ہم برطانوی کاشت قادیانیت کا وہ چہرہ متعارف کروا رہے ہیں جس پر تاریخ بھی گواہ ہے اور وہ حالات بھی چیخ چیخ کر گواہی دے رہے ہیں جن حالات کا قادیانیت نے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہوئے اس ملک کو توڑنا، کمزور کرنا چاہا اور اپنے مغربی آقاؤں کی خوشنودی حاصل کرنا چاہی۔۔۔۔ آیئے! دیکھتے ہیں کہ قادیانیت کا اصلی چہرہ ہے کیا؟؟ اس کے اصل مقاصد ہیں کیا؟؟

قادیانیت درحقیقت ایک سیاسی جماعت ہے جس کے پاس دو ماسک ہیں جسے یہ وقتاً فوقتاً تبدیل کر کے اپنے مذموم مقاصد کو حاصل کرتی رہتی ہے۔ اسکی اصل حقیقت یہ ہے کہ یہ جماعت ملک پاکستان کو توڑنا چاہتی ہے لیکن ایم۔ اے بٹلر اور عیسائی مشنریوں کی رپورٹ کے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

مطابق یہ لوگ مذہبی لبادہ اوڑھ کر ان مسلمانوں کو کمزور کرنے میں بھی لگے ہوئے ہیں جو اس ملک کی حفاظت کو جہاد سمجھ کر اپنے ایمان کا حصہ قرار دیتے ہیں۔ مذہبی اعتبار سے قادیانی جماعت کو جو ٹارگٹ دیا گیا ہے وہ بقول اقبالؒ درج ذیل ہے۔

وہ فاقہ کش جو موت سے ڈرتا نہیں ذرا
روح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے بدن سے نکال دو
فکر عرب کو دے کر فرنگی تخیلات
اسلام کو حجاز و یمن سے نکال دو

اسی مشن کو ایک یہودی فوجی ماہر مسٹر ہرٹر نے ایک یہودی جریدے میں لکھا کہ۔

"پاکستانیوں کے اندر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا (معاذ اللہ) خاتمہ کر دیا جائے"

(تحریک تحفظ ختم نبوت۔ محمد احمد ترازی۔ ص۔207)

لیکن ہم محب وطن لوگوں کے سامنے قادیانیت کا وہ اصلی چہرہ پیش کرنے کی سعی کر رہے ہیں جس میں وہ اول روز سے مصروف ہے۔

14۔اگست 1947ء کو دنیا کے نقشے پر اسلامی نظریاتی مملکت پاکستان کے وجود میں آتے ہی قادیانی ذریت اس نوزائیدہ مملکت کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کی سازشوں میں پوری تن دہی سے مصروف ہوگئی۔ بقول رائے اے کمال

"پاکستان اس معصوم بچے کی مانند ہے جسے دست قدرت نے زمانہ شیر خواری میں ہی ماں کی آغوش سے اٹھا کر سوتیلی ماں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا۔ اور وہ آج تک ماضی کے ان ایام محبت کی یاد میں تڑپ رہا ہے۔ جس طرف بھی نگاہ اٹھتی ہے بیگانے ہی بیگانے نظر آتے ہیں" (سازشوں کا دیباچہ۔ ص۔194-195)

ساری دنیا پر حکمرانی کی خواہش

"میں تو اس بات کا قائل ہوں کہ انگریزی حکومت کو بھی چھوڑ دو۔ دنیا میں سوائے احمدیوں کے کسی کی حکومت نہیں رہے گی۔ پس جبکہ میں اس بات کا قائل ہوں۔ بلکہ اس بات کا خواہشمند ہوں کہ دنیا کی ساری حکومتیں مٹ جائیں اور ان کی جگہ احمدی حکومت قائم ہو جائے تو میرے متعلق یہ خیال کرنا کہ میں اپنی جماعت کے لوگوں کو انگریزوں کی دائمی غلامی کی تعلیم دیتا ہوں کہاں تک درست ہو سکتا ہے؟۔۔۔"

(مرزا بشیر الدین محمود۔ الفضل 21 نومبر 1939ء)

جب جماعت احمدیہ کے عام لوگوں نے بھی محسوس کر لیا کہ جماعت احمدیہ تو صرف اور صرف انگریز کے مقاصد اور اکھنڈ بھارت کے لئے کام کر رہی ہے تو یہ باتیں جب سر عام ہونے لگیں تو مرزا بشیر الدین نے کمال مکاری سے مرزا قادیانی (غلام احمد قادیانی) کی فکر، انگریز وفاداری کے خلاف بھی بیان جاری کر دیا اور لوگوں کو نئی سوچ میں مبتلا کر کے اپنے عزائم جاری رکھنے کا نیا سلسلہ شروع کر دیا۔

پاکستان میں قادیانیوں کا پہلا مرکز ڈگیاں "ربوہ"

پنجاب کے ضلع جھنگ میں چنیوٹ سے پانچ میل کے فاصلے پر سڑک کے کنارے پہاڑیوں کے دامن میں آباد یہ علاقہ جسے دنیا آج "ربوہ" چناب نگر کے نام سے جانتی ہے اس علاقے کا پرانا نام موضع "ڈگیاں" تھا۔

گورنر پنجاب سر فرانسس موڈی نے اپنی خاص دلچسپی کے تحت قادیانی جماعت کو "1034 ایکڑ اراضی ایک آنہ فی مرلہ" کے حساب سے عطا کی۔ اور یہ آباد کاری 14 ستمبر 1948ء کو قائد اعظم محمد علی جناح کے سانحہ انتقال کے صرف تین دن بعد ہوئی۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

"ربوہ کا سنگ بنیاد قائداعظم محمد علی جناحؒ کی وفات کے محض تین دن بعد رکھا گیا اور یہاں کی اراضی کا باقاعدہ انتقال انجمن احمدیہ کے نام 29 نومبر 1949ء کو ہوا۔ یہ لیاقت علی خاں مرحوم کے عہد کی نہایت ہی تلخ روداد ہے۔۔۔ لیاقت علی خان نے ہمیں کتنی غیرت اسلامی دی۔ اللہ اور رسول ﷺ کے نام پر بنائے گئے ملک میں اللہ اور رسول ﷺ کے احکام کی کتنی پابندی کی۔۔ اپنے محسن محمد علی جناحؒ کے ساتھ جب زیارت میں آخری ملاقات کی تو بقول مس فاطمہ جناح اس کے بعد قائداعظم محمد علی جناح پھوٹ پھوٹ کر روئے۔۔۔ اور وہ کیوں زندہ نہ رہنا چاہتے تھے۔۔۔۔۔ لیاقت علی خان کی سفارش پر ممتاز دولتانہ نے قادیانیوں کو دریائے چناب کے کنارے زمین دی جہاں انہوں نے جھوٹے نبی کا مرکز (ربوہ) بنایا"۔

(لیاقت علی کا قتل تصویر کا دھندلا پہلو" روزنامہ نوائے وقت۔ مورخہ 01-01-1986۔ میجر امیر افضل ریٹائرڈ)

حکومت اور اداروں پر قبضہ کرنے کی قادیانی حکمت عملی اور طریقہ واردات

"پس جو لوگ کہتے ہیں کہ ہم میں سیاست نہیں وہ ناداں ہیں۔ وہ سیاست کو سمجھتے ہی نہیں۔ جو شخص یہ نہیں مانتا کہ خلیفہ کی بھی سیاست ہوتی ہے وہ خلیفہ کی بیعت ہی کیا کرتا؟ اسکی کوئی بیعت نہیں۔ اور اصل بات تو یہ ہے کہ ہماری سیاست گورنمنٹ کی سیاست سے بھی زیادہ ہے پس اس سیاست کے مسئلے کو اگر میں نے بار بار بیان نہیں کیا تو اسکی وجہ صرف اور صرف یہی ہے کہ میں نے اس سے جان بوجھ کر اجتناب کیا ہے آپ لوگوں کو یہ بات خوب سمجھ لینی چاہیے کہ خلافت کے ساتھ ساتھ سیاست بھی ہے اور جو شخص یہ نہیں مانتا وہ جھوٹی بیعت کرتا ہے"

(اخبار الفضل مورخہ 13۔ اگست 1926ء)

اسی سیاست پر عمل کرتے ہوئے قادیانی خلیفہ حکومت اور حکومتی اداروں میں داخل ہونے کا موقع کسی صورت بھی گنوانا پسند نہیں کرتا تھا۔ قادیانی خلیفہ اس مقصد کے حصول کے لئے باقاعدہ حکمت عملی اور طریقہ کار اپنے مریدوں اور جماعت کی راہنمائی کے لئے وقتاً فوقتاً جاری کرتا رہا۔ آیئے! اسی حکمت عملی کے چند نمونے ملاحظہ فرمائیں۔۔۔۔

1۔ تعلیم و تبلیغ کے ذریعے حکومت پر قبضہ کی کوشش

"پس اسلام کی ترقی خدا تعالیٰ نے میرے ساتھ وابستہ کردی ہے۔ یاد رکھو! سیاست۔ اقتصادیات اور تمدنی امور حکومت کے ساتھ وابستہ ہیں۔ پس جب تک ہم اپنے نظام کو مضبوط نہ کریں اور تبلیغ و تعلیم کے ذریعے حکومتوں پر قبضہ کرنے کی کوشش نہ کریں ہم اسلام کی ساری تعلیم کو جاری نہیں رکھ سکتے"

(اخبار الفضل۔ مورخہ 5 فروری 1937ء)

2۔ پاکستانی فوج میں گھس کر حکومت پر قبضہ کرنے کا منصوبہ

مرزا محمود نے پاکستان میں موجود اپنے مریدوں کو کھلے لفظوں حکم نامہ جاری کیا کہ

"پاکستان میں اگر ایک لاکھ احمدی سمجھ لئے جائیں تو 9 ہزار احمدیوں کو فوج میں جانا چاہیے۔۔۔ فوجی تیاری نہایت اہم چیز ہے۔ جب تک آپ جنگی فنون نہیں سیکھیں گے کام کس طرح کریں گے" (مرزا محمود قادیانی خلیفہ۔ اخبار الفضل۔ 11 اپریل 1950ء)

3۔ حصول اقتدار کیلئے سرکاری اور کلیدی عہدوں پر قبضہ

قادیانی خلیفہ مرزا محمود کہتا ہے کہ

"جب تک سارے محکموں میں ہمارے آدمی موجود نہ ہوں ان سے پوری طرح کام نہیں لے سکتے۔ مثلاً موٹے موٹے محکموں میں سے جیسے فوج ہے، پولیس ہے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ایڈمنسٹریشن ہے ریلوے ہے فنانس ہے کسٹم ہے انجینئرنگ ہے یہ آٹھ دس موٹے موٹے صیغے ہیں جن کے ذریعے سے جماعت اپنے حقوق محفوظ کرا سکتی ہے ہماری جماعت کے نوجوان فوج میں بے تحاشہ جاتے ہیں اس کے نتیجے میں ہماری نسبت فوج میں دوسرے محکموں کی نسبت سے بہت زیادہ ہے اور ہم اس سے اپنے حقوق کا تحفظ کا فائدہ نہیں اُٹھا سکتے۔ باقی محکمے خالی پڑے ہیں۔ بے شک آپ لوگ اپنی لڑکیوں سے نوکری کرائیں لیکن وہ نوکری اس طرح کیوں نہ کرائی جائے جس سے جماعت فائدہ اٹھا سکے۔ پیسے بھی اس طرح کمائے جائیں کہ ہر صیغے میں آدمی موجود ہوں اور ہر جگہ ہماری آواز پہنچ سکے"۔

(خطبہ مرزا محمود قادیانی، اخبار الفضل مورخہ 11 جنوری 1954ء)

تبلیغی وسیاسی راہ میں رکاوٹ کی صورت میں مملکت سے اعلان بغاوت

مرزا محمود قادیانی کے طریقوں پر عمل کرتے ہوئے قادیانیوں نے غریب اور متوسط طبقے کو معمولی نوکریاں دے دلوا کر اور اونچے گھرانوں میں لڑکیوں کے ذریعے لوگوں کو زیر کر لیا اور ایک مستحکم سیاسی جماعت بن کر سامنے آگئے تو قادیانی خلیفہ نے اخبار الفضل کو مندرجہ ذیل بیان دیا ملاحظہ فرمائیں۔۔۔

"اگر تبلیغ کے لئے کسی قسم کی رکاوٹ پیدا کی گئی تو ہم ملک (پاکستان) سے نکل جائیں گے یا پھر اگر اللہ تعالیٰ اجازت دے تو پھر ایسی حکومت سے لڑیں گے"

(قادیانی خلیفہ، اخبار الفضل۔ مورخہ 13 نومبر 1953ء)

قائداعظمؒ کے انتقال پر ظفر اللہ قادیانی کا شرمناک طرزِ عمل

افسوس کہ جس وقت قائداعظم محمد علی جناحؒ کے انتقال کے جانکاہ صدمے پر پوری قوم

افسردہ اور مغموم تھی تو وزیر خارجہ ظفر اللہ قادیانی نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی نماز جنازہ میں کھڑا ہونا بھی گوارہ نہ کیا اور غیر ملکی سفیروں کے ساتھ الگ بیٹھا رہا۔ جب اس اقدام کی وجہ جاننا چاہی گئی تو کمال ڈھٹائی سے اس نے جواب دیا ملاحظہ کریں۔

"تمام دنیا جانتی ہے کہ قائداعظم قادیانی احمدی نہ تھے لہذا جماعت احمدیہ کے کسی فرد کا جنازہ نہ پڑھنا کوئی قابل اعتراض بات نہ ہے"

کسی اور موقع پر جب یہی سوال دہرایا گیا تو اس نے جواب دیا کہ

"آپ مجھے مسلمان حکومت کا ایک کافر یا ایک کافر حکومت کا ایک مسلمان خیال کریں"

(قادیانی عقائد وعزائم۔ ص۔ 24)

قادیانی اخبار، الفضل مورخہ 28۔ اکتوبر 1952ء کی اشاعت میں ظفر اللہ قادیانی کی تائید میں دلیل دیتے ہوئے یہ لکھتا ہے کہ

"کیا یہ حقیقت نہیں کہ ابو طالب بھی قائداعظم کی طرح مسلمانوں کے بہت بڑے محسن تھے مگر مسلمانوں نے آپ کا جنازہ پڑھا اور نہ رسول ﷺ نے"

"ہمارا یہ فرض ہے کہ غیر احمدیوں کو مسلمان نہ سمجھیں اور نہ اُن کے پیچھے نماز پڑھیں۔ کیونکہ ہمارے نزدیک وہ خدا کے ایک نبی کے منکر ہیں۔۔۔ غیر احمدی مسلمانوں کا جنازہ پڑھنا ناجائز حتی کہ غیر احمدی معصوم بچے کا بھی جائز نہیں"

(انوارِ خلافت۔ ص 90-93)

"قائداعظمؒ بے وقوف تھے" ظفر اللہ قادیانی کی ہرزہ سرائی

بھارت کے مشہور اخبار "ہندوستان ٹائمز" میں بھارت کے سابق کمشنر سری پرکاش کی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

قسط وار سوانح عمری چھپی۔ جس میں اس نے پاکستان کے سابق وزیر خارجہ اور عالمی عدالت کے جج چوہدری ظفر اللہ قادیانی کے بارے میں لکھا۔

"1947ء میں انہوں نے قائد اعظم محمد علی جناحؒ کو بے وقوف قرار دیا۔ اور کہا تھا کہ اگر پاکستان بن گیا تو اسے ہندوؤں سے زیادہ مسلمانوں کو نقصان پہنچے گا"

"کچھ عرصہ کے بعد جب کراچی میں ظفر اللہ سے ملاقات ہوئی اور میں نے ان سے پوچھا کہ اب قائد اعظم اور پاکستان کے بارے میں کیا خیال ہے؟ تو انہوں نے کہا کہ میرا جواب اب بھی وہی ہے جو پہلے دن تھا"

(اداریہ روزنامہ مشرق لاہور۔15 فروری 1964ء)

ظفر اللہ چوہدری کی پاکستان سے غداری اور قادیانیت سے وفاداری

ظفر اللہ چوہدری پاکستان کا پہلا وزیر خارجہ بنا۔ جس نے پاکستان کے مفادات کو بالائے پشت رکھ کر قادیانی مفادات کو ترجیح دیتے ہوئے خارجہ پالیسی مرتب کی جس پر نظر ڈالی جائے تو مندرجہ ذیل باتیں سامنے آتی ہیں۔

☆ ظفر اللہ قادیانی اپنے دور وزارت میں پارلیمنٹ آنے سے گریز کرتا تھا اور زیادہ وقت بیرون ممالک میں گزارتا تھا۔

☆ ظفر اللہ قادیانی کے دور وزارت میں وزارت خارجہ سے محب وطن افراد کو نکال کر وسیع پیمانے پر قادیانی لوگوں کو بھرتی کیا گیا۔

☆ پاکستان کی خارجہ پالیسی پاکستان کے مفادات اور نقطہ نظر کو مد نظر رکھنے کی بجائے قادیانی جماعت احمدیہ کے مفادات اور نقطہ نظر کے پیش نظر بنائی گئی۔

☆ غیر ممالک میں پاکستان کے وزارت خارجہ کے دفاتر کو قادیانی تبلیغ اور جاسوسی کے اڈوں میں تبدیل کیا گیا اور قادیانیت کو پوری دنیا میں پھیلانے میں مرکزی کردار ادا کیا گیا۔

☆ مسلم ممالک سے رشتہ اخوت مستحکم کرنے بجائے انہیں پاکستان سے بدظن کیا گیا اور عربوں کی جاسوسی کرنے کیلئے مختلف ممالک میں قادیانی سیل قائم کیے گئے۔

☆ پاکستان کے ہمسایہ اسلامی ممالک سے تعلقات جان بوجھ کر کشیدہ بنائے گئے۔

☆ مسئلہ کشمیر کو جان بوجھ کر خراب کیا گیا تا کہ پائیدار حل تلاش نہ کیا جا سکے۔

☆ ظفر اللہ چوہدری پاکستان کے وزیر خارجہ کی حیثیت سے تنخواہ لے کر کام احمدی جماعت کے لئے کرتا تھا۔

پاکستانی سفارت خانے، تبلیغ مرزائیت کے اڈے

پاکستان کے نامور صحافی حمید نظامی مرحوم نے اپنے ایک غیر ملکی دورے سے واپسی پر نوائے وقت اخبار کے اداریے میں لکھا کہ

"بیرون ممالک میں پاکستان کے سفارت خانے تبلیغ مرزائیت کے اڈے اور ان کے جماعتی دفتر معلوم ہوتے ہیں"

7۔ اگست 1962ء کو ایشیاء اخبار لاہور میں ایک محب وطن پاکستانی عبدالرحمٰن شاہ ولی کا ایک مکتوب شائع ہوا جس میں وہ لکھتے ہیں کہ

"مجھے کچھ عرصہ قبل بغداد میں پاکستانی سفارت خانے جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں یہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

دیکھ کر بہت تعجب ہوا کہ لاہوری قادیانیوں کے تبلیغی رسالے سرکاری ٹیبل پر نہ صرف موجود ہیں بلکہ ان کو سرکاری لٹریچر سے بہت زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ اور قادیانیت کو ہی پاکستان کا سرکاری مذہب سمجھا جاتا ہے۔۔۔۔۔ پھر یہ صرف بغداد تک محدود نہیں بلکہ جس سفارت خانے میں قادیانیوں کو ملازمت مل جاتی ہے وہ سفارت خانے کو قادیانیت کی تبلیغ کے لئے استعمال کرتے ہیں"۔

"چوہدری ظفراللہ کی انہی کوششوں کا نتیجہ تھا کہ 40 ممالک میں قادیانیوں کے 132 مشن اور 57 مدارس کام کر رہے تھے اور مختلف ممالک میں قادیانیوں کے 22 اخبارات ورسائل بھی نکل رہے تھے" ۔

(المنبر لاہور، 14 جولائی 1967ء)

قادیانی عسکری تنظیم فرقان بٹالین اور مسئلہ کشمیر

پیپلز پارٹی کے دور میں وفاقی وزیر تعلیم سید غلام مصطفیٰ شاہ نے ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ

"اگر قیام پاکستان کے وقت کمانڈر انچیف جنرل گریسی قائداعظم کا حکم مان لیتا تو آج کشمیر کی تاریخ مختلف ہوتی"

(روزنامہ جنگ لاہور، 24 دسمبر 1989)

جنرل گریسی بھی برطانوی سامراج کی طرح قادیانیوں کے لئے نرم گوشہ رکھتا تھا۔ کشمیر کے محاذ پر جب جنگ کا آغاز ہوتو قادیانی جماعت نے اپنی عسکری تنظیم "فرقان بٹالین" کو جنرل گریسی کی مدد کے لئے کشمیر کے محاذ پر بھیجا۔ فرقان بٹالین کا قیام جون 1948ء میں مرزا محمود قادیانی کی ہدایات پر عمل میں لایا گیا تھا۔ کسی ملک کی مسلح افواج کی موجودگی میں سویلین فورس کو اپنے ساتھ میدان

جنگ میں خدمات انجام دینے کی پیشکش اپنی نوعیت کی انوکھی مثال تھی۔ اور پھر ایسی جماعت کی عسکری تنظیم کا میدان جنگ میں جانا جو "عقیدہ جہاد" پر اعتقاد ہی نہ رکھتی ہو۔ بڑی مضحکہ خیز، حیران کن اور توجہ طلب بات تھی۔ جنرل گریسی نے فرقان بٹالین کی خدمات اس لئے مستعار لیں کہ وہ ان کے ذریعے اہم اور خفیہ معلومات ہندوستانی فوج کے سربراہ کمانڈر انچیف جنرل سرآ کن تک پہنچاتا تھا جو کہ دراصل جاسوسی جماعت تھی۔

فرقان بٹالین کی کارگزاری کی تفصیل جناب سردار آفتاب احمد سیکرٹری جموں وکشمیر کانفرنس کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے۔

"اس فرقان بٹالین نے جو کچھ کیا اور ہندوستان کی جو خدمات سرانجام دیں۔ مسلم مجاہدین کا انہوں نے جس طرح سودا چکایا۔ اگر اس پر خون کے آنسو بھی بہائے جائیں تو کم ہے۔ جو اسکیم بنتی ہندوستان پہنچ جاتی جہاں مجاہدین مورچہ بناتے دشمن کو پتہ چل جاتا۔ جہاں مجاہدین ٹھکانہ کرتے ہندوستان کے ہوائی جہاز پہنچ جاتے"

(قادیانیت کا سیاسی تجزیہ۔ ص۔ 806)

اس خودساختہ عسکری فورس کے بارے میں جسٹس منیر اپنی رپورٹ میں لکھتا ہے کہ:

"احمدی ایک متحدہ منظم جماعت ہے ان کا صدر مقام ایک خالص احمدی قصبے میں واقع ہے۔ جہاں ایک مرکزی تنظیم قائم ہے جس کے مختلف شعبے ہیں شعبہ امور خارجہ، شعبہ امور داخلہ، شعبہ امور عامہ اور شعبہ نشرواشاعت، یعنی وہ شعبے جو باقاعدہ سیکرٹریٹ میں ہوتے ہیں وہ سب یہاں موجود ہیں ان کے پاس رضا کاروں کا ایک جیش بھی ہے جسکو "خدام دین" (قادیانی جماعت کی نوجوانوں کی اس تنظیم کا نام "خدام الاحمدیہ" ہے) کہتے ہیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

فرقان بٹالین اس جیش سے مرکب ہے یہ ایک خالص احمدی بٹالین ہے جو کشمیر میں خدمات سرانجام دے چکی ہے"

(منیر انکوائری رپورٹ۔ص۔211)

مسئلہ کشمیر اور قادیانی

جب پاکستان معرض وجود میں آیا تو کشمیر کی جنگ چھڑ گئی اور یہ مسئلہ بھی پاکستان کے لئے پہاڑ کی طرح سامنے آگیا۔فرقان بٹالین کی غداری اور قادیانی ظفر اللہ وزیر خارجہ کی متعصب اور ناقص خارجہ پالیسی اور مغربی آقاؤں کی غلامی کی بدولت ہم کشمیر کے مسئلے کو حل کرنے میں تاخیر ہوئی، اگر اس وقت قادیانی فرقان بٹالین اور قادیانی منصب ظفر اللہ کی غداری نہ آتی تو آج کشمیر کی صورت حال کچھ اور ہوتی۔اس بات کی تائید جناب آفتاب احمد صاحب سیکرٹری جموں وکشمیر کانفرنس کے اس بیان سے ہوتی ہے۔

"مرزائی 30 سال سے آزاد کشمیر کی راہ رکاوٹ بنے ہوئے ہیں"

(ملت اسلامیہ کا موقف۔ص۔195)

اس بات پر مشہور اخبار "زمیندار" اپنے اداریے میں مزید روشنی ڈالتا ہے

"ہمارے نزدیک اگر پاکستان کشمیر کے مسئلے کو پرامن ذرائع سے حل کرنے کا متمنی ہے تو اسے اپنی خارجہ پالیسی پر نظر ثانی کرنا پڑے گی۔لیکن پاکستان کی خارجہ پالیسی پر اس وقت تک نظر ثانی نہیں ہو سکتی جب تک چوہدری ظفر اللہ خان کو موجودہ عہدے سے سبکدوش نہیں کیا جاتا"

(زمیندار۔31 مارچ 1955 قادیانیت کا سیاسی محاسبہ)

میاں افتخار الدین بزرگ مسلم لیگی راہنما نے 5۔اکتوبر 1950ء کو پاکستان کی آئینی اسمبلی میں اپنی تقریر کے دوران مسئلہ کشمیر کے حوالے سے ظفر اللہ قادیانی کے کردار پر بڑے واضح اور متاثر کن

انداز میں تنقید کرتے ہوئے کہا۔

"کیا ہمیں یہ صاف نظر نہیں آتا کہ ان (برطانوی اور امریکی سامراجیوں) کا مفاد اس میں ہے کہ وہ مشرق کے لوگوں پر اپنا تسلط قائم رکھیں جن پر وہ پرانے طریقوں سے حکومت نہیں کر سکتے ان پر اب وہ بالواسطہ طور پر اپنے آلہ کاروں کے ذریعے حکومت کریں گے اور ہم نے اپنے آپ کو دانستہ یا غیر دانستہ طور پر جھکا دیا ہے اور ہماری حکومت نے دانستہ یا غیر دانستہ طور پر اپنے آپ کو ان کا آلہ کار ثابت کرتے ہوئے جھکا دیا ہے یہ ہی وہ کردار ہے جو ہم نے اس مسئلہ پر ادا کیا ہے جناب آپ اس آدمی (ظفر اللہ قادیانی) کے بارے میں سوچیں جس کی میں بات کر رہا ہوں اور میں کسی فرد کی مخالفت نہیں کر رہا اور جب تک حکومت کی حکمت عملی یہ رہے گی جواب تک رہی ہے تو بظاہر بہترین آدمی اقوام متحدہ جائیگا اور اپنی ناکامی ظاہر کریگا مگر یہ تو پاکستانی حکومت کی شدت، نیت اور ذہنیت کا علامتی اظہار ہوگا۔میرا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ظفر اللہ قادیانی تمیں، چالیس سالہ تجربے کا مالک اور ایک قابل وکیل تو ہو سکتا ہے اور برطانوی راج پر یقین کامل رکھنے والا ہو سکتا ہے اور "شاہ سے زیادہ شاہ کا وفادار" ہو سکتا ہے جس نے ان تیس سالوں کے درمیان ایک لمحے کے لیے بھی یہ نہیں سوچا کہ وہ آئے اور ملک کی آزادی کا سوال پیش کرے اس نے ساری زندگی برطانوی حکومت کی خدمت کی ہے اگر اُسے رقم مل جائے تو یہ بہاولپور، بھوپال یا حکومت ہند کی خاطر بول سکتا ہے اور ہندوستانی حکومت کے نمائندے کے طور پر پیش ہو سکتا ہے اگر اسے ادائیگی کی جائے اور اس طرح اس نے چین میں جا کر کیا اور اس طرح اس نے حکومت پاکستان کی نمائندگی کی جس کے لیے اسے ادائیگی ہوئی اگر

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حکومت اسے رقم دے تو یہ متحدہ ہندوستانی حکومت کی نمائندگی بھی کر دے گا اگر خدانخواستہ کل پاکستانی انڈین یونین جائے تو اسے صرف رقم کی ضرورت ہے اس شخص کو ہم نے اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے بھجوایا ہے یہ بہترین وکیل ہے جو ہمیشہ میسر آسکتا تھا۔ اس وکیل نے باؤنڈری کمیشن میں سرحدی مسئلے پر ہماری وکالت کی اور ہم سب جانتے ہیں کہ ریڈکلف نے ہمیں کیا دیا؟ یہی وکیل قابل نفرت یونینسٹوں کا فکری رہنما تھا جو سب سے زیادہ کم نظر اور رجعت پسند عناصر تھے برصغیر کی آج تک سیاست کی بدصورت پیداوار تھے یہ شخص کشمیر کے عوام کے جذبہ آزادی کو بھی نہیں سمجھ سکتا یہ ان کے لیے نہیں لڑ سکا یہ شخص صرف بال کی کھال تو اتار سکتا ہے مگر کوئی حکمت عملی دینے سے قاصر ہے جناب والا۔۔۔۔ پر اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ شخص لازمی طور پر برطانوی مفادات کا نگہبان ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ بحث کو طویل کیا جائے تمام معاملات کو طوالت دی جائے تا کہ دونوں پاکستان اور ہندوستان مدد کے لیے برطانیہ اور امریکہ کو پکاریں ہمارا معزز وزیر امریکہ سے زیادہ برطانیہ کا آلہ کار ہے تاہم یہ بات سر راہ آ گئی بات ہے کہ اس کی حکمت عملی سے ہمیں کشمیر نہیں مل سکتا۔"

(میاں افتخار الدین کی تقاریر و بیانات از عبداللہ ملک صفحہ 266)

سابق وزیر بلدیات و بحالیات صوبہ سرحد خان بلال خان نے ایبٹ آباد میں ایک دفعہ تقریر کرتے ہوئے کہا کہ

"پاکستان کی پانچ سالہ تاریخ میں یہ بات نمایاں طور پر نظر آ رہی ہے کہ حکومت کا جو معاملہ ظفر اللہ خان کے سپرد ہوا اس میں حکومت کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا جس کے ساتھ پاکستان کی حیات وابستہ ہے جب تک وزارت خارجہ کے عہدے پر ظفر اللہ

قادیانی موجود ہے کشمیر پاکستان کو ہرگز ہرگز نہیں مل سکتا"

(آزاد اخبار۔ لاہور۔ 30 جون 1952ء)

دراصل چوہدری ظفر اللہ قادیانی قابل انسان لیکن اسلام اور ملک دشمن تھا۔ جس کی اصل وفاداریاں پاکستان کی بجائے قادیانی جماعت سے وابستہ تھیں وہ حکومت سے زیادہ اپنے قادیانی امام مرزا بشیر الدین قادیانی کا وفادار تھا۔ مرزا بشیر الدین کے حکم کے مقابلے میں پاکستانی مفادات کو ٹھکرانا اس کے لیے انتہائی معمولی بات تھی اس نے ہمیشہ ملکی مفادات پر قادیانیت کے مفادات کو ترجیح دی۔

بلوچستان کو "قادیانی ریاست" بنانے کا ناپاک منصوبہ

پاکستان کے معرض وجود میں آنے سے قبل قادیانیوں کے نزدیک حیدر آباد دکن ایسی مناسب جگہ تھی جہاں وہ اپنی قوت اور وقار کا مرکز قائم کرنا چاہتے تھے لیکن بعد میں انہوں نے کشمیر پر قبضہ کرنے کے خواب دیکھنا شروع کر دیے۔ پاکستان کے بننے کے بعد قادیانیوں نے کشمیر کے ساتھ ساتھ بلوچستان پر بھی اپنی حکومت قائم کرنے کا منصوبہ بنایا۔ مرزا بشیر الدین قادیانی نے 23 جولائی 1948ء کو کوئٹہ میں تقریر کرتے ہوئے اس خیال کا اظہار کیا ہے

"وہ بلوچستان کو ایک قادیانی صوبہ میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں تا کہ پورے پاکستان پر قبضے کے لیے وہ ایک بیس (Base) کے طور پر کام آئے"

اس ناپاک منصوبے پر عمل کرنے کے لیے مرزا بشیر الدین محمود نے قادیانیوں کو ہدایت جاری کی کہ

"بلوچستان کی آبادی پانچ یا چھ لاکھ ہے زیادہ آبادی کو احمدی بنانا مشکل ہے لیکن تھوڑے آدمیوں کو احمدی بنانا تو کوئی مشکل نہیں پس جماعت احمدیہ اس طرف توجہ دے تو اس صوبے کو بہت جلد احمدی بنایا جا سکتا ہے اگر ہم سارے صوبے کو احمدی

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

بنالیں تو کم از کم ایک صوبہ تو ایسا ہو جائیگا جس کو ہم اپنا صوبہ کہہ سکیں گے پس میں جماعت کو اس طرف توجہ دلاتا ہوں کہ آپ لوگوں کے لیے یہ عمدہ موقع ہے کہ اس سے فائدہ اٹھائیں اسے ضائع نہ ہونے دیں پس تبلیغ کے ذریعے بلوچستان کو اپنا صوبہ بنالیں تا کہ تاریخ میں اپنا نام رہے" (اخبار الفضل 3۔اگست 1945ء)

5۔جولائی 1950ء کو قادیانی خلیفہ مرزا بشیر الدین محمود قادیانی نے ایک بار پھر صوبہ بلوچستان کو قادیانی ریاست میں تبدیل کرنے کے لیے قادیانیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ

"یہی علاقہ جس کے متعلق میں نے کہا تھا کہ بہت چھوٹا سا ہے اگر تم کوشش کرو اور ہمدردی کے جذبات لے کر لوگوں کے پاس جاؤ تو سارا علاقہ احمدی ہو سکتا ہے اس بات پر تین سال گزر گئے لیکن اس کام کے کرنے کی طرف توجہ نہیں کی گئی بیشک کتے بھونکتے رہیں گے قافلہ چلتا رہیگا"

ایک اور موقع پر مرزا محمود قادیانی نے اعلان کیا کہ

"اب بھی صوبہ بلوچستان ہمارے ہاتھ سے نکلا نہیں ہے یہ ہماری شکارگاہ ہوگا دنیا کی ساری قومیں ملکر بھی ہم سے علاقہ نہیں چھین سکتیں"۔

پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کے قتل میں قادیانیوں کی سازش

پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کے قتل کی سازش میں قادیانی لوگوں کے ملوث ہونے کے شواہد ملتے ہیں جن میں ظفر اللہ قادیانی وزیر خارجہ سرفہرست ہے۔

بتایا جاتا ہے کہ لیاقت علی سے کراچی میں علماء کے ایک وفد نے مل کر قادیانیوں کے مذہبی عقائد اور سیاسی عزائم کے بارے میں دستاویزی ثبوت پیش کر کے ظفر اللہ قادیانی کو وزارت سے برطرف کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ اس موقع پر لیاقت علی کو ان سامراجی گماشتوں کے مکارانہ عزائم سے

پہلی بار واقفیت ہوئی۔ امپیکٹ انٹرنیشنل برطانیہ کا تبصرہ ملاحظہ کریں۔

"انہیں کشمیر و بلوچستان میں قادیانی ریاست کے قیام کے بارے میں قادیانی پیشین گوئی اور بیانات کا علم ہو چکا تھا اکھنڈ بھارت یا متحدہ ہندوستان کے بارے میں حکمت عملی اور خواہشات کے متعلق شناسائی کے بعد لیاقت علی خاں نے ایک خصوصی انٹیلی جنس سیل قائم کرنے کا حکم دیا تا کہ حساس عہدوں پر فائز قادیانیوں کی ایک فہرست تیار کی جاسکے اور ان کی سرگرمیوں پر نظر رکھی جاسکے"۔

(امپیکٹ انٹرنیشنل، برطانیہ، 27 ستمبر 1974)۔

ایک شنید یہ بھی ہے کہ لیاقت علی خان نے قادیانی وزیر ظفر اللہ خان کو وزارت خارجہ سے ہٹانے کا فیصلہ کر لیا تھا اور وہ 16۔ اکتوبر 1951ء کو راولپنڈی کے جلسہ عام میں یہی اہم اعلان کرنے والے تھے لیاقت علی کے قتل پر اخبار یروشلم پوسٹ کا تبصرہ نہایت توجہ کے قابل ہے کہ

"قتل کے بعد اتنے آرام سے سیاسی تبدیلیاں ہوئیں اور حالات نے اس انداز سے پلٹا کھایا جیسے کہ متوقع ہنگامی حالت کیلئے پہلے ہی منصوبہ بندی کی جاچکی تھی"

(دی امپیکٹ لندن۔ 8 تا 21۔ اکتوبر 1982)ء

بیگم رعنا لیاقت علی خاں نے اپنے شوہر خان لیاقت علی خان کے قتل میں سابق گورنر جنرل غلام محمد اور مشتاق احمد گورمانی (جو کہ کابینہ میں وزیر تھے) کو ملوث قرار دیکر حکومت سے اس قومی المیئے کے حقائق کو منظر عام پر لانے کا مطالبہ کیا لیکن بدقسمتی سے ایسا نہیں ہوا اور اس طیارے کو بھی تباہی سے دوچار ہونا پڑا جس میں کیس کا تمام تحقیقاتی مواد موجود تھا۔

13 فروری 1982ء کو روزنامہ جنگ میں جناب ممتاز دولتانہ کا ایک انٹرویو چھپا۔ جس میں انہوں نے اس کیس پر یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ

"میں اس پر تبصرہ کیسے کر سکتا ہوں؟ مجھے جیل جانا ہے۔۔۔؟"

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

یہ کیساڈراور خوف ہے جو قتل کے تیس برس بعد بھی لب کشائی سے روکے ہوئے ہے؟؟؟

1965ء کی پاک بھارت جنگ قادیانی سازش کا نتیجہ تھی

اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ 1965ء کی پاک بھارت جنگ کا اصل محرک اوراس کا کلیدی کردار قادیانی تھے۔ یہ لڑائی دراصل قادیانیوں کی گہری سازش تھی جسکا اصل مقصد یہ تھا کہ کسی طرح مغربی پاکستان میں پنجاب کو بالواسطہ شکست ہوتو پاکستان کا عسکری بازوٹوٹ جائے اور مشرقی حصہ نتیجتاً الگ ہوجائے۔

اس جنگ کا سب سے اہم اور بنیادی مقصد یہ بھی تھا کہ اس جنگ کے ذریعے اس قادیانی دعوے (مرزا قادیانی کی پیشین گوئی) کو کسی طرح سچ ثابت کیا جائے جس میں کہا گیا تھا کہ "انشاء اللہ جموں وکشمیر کی ریاست آزاد ہوگی اوراسکی فتح اور شان وشوکت احمدیت کے ہاتھوں ہوگی" چنانچہ قادیانیوں نے اس جنگ کے دوران کشمیر کے مستقبل سے متعلق لاتعداد ایسے کتابچے شائع کئے جو مرزاغلام قادیانی اور مرزا محمود قادیانی کی پیشین گوئیوں پر مشتمل تھے۔

قدرت اللہ شہاب اپنی کتاب "شہاب نامہ" میں 1965ء کی پاک بھارت جنگ کے حوالہ سے انکشاف کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ

"ایک بار میں نے نواب آف کالاباغ (سابق مغربی پاکستان گورنر) سے اس جنگ کے متعلق کچھ دریافت کیا۔ توانہوں نے فرمایا "بھائی شہاب! یہ جنگ پاکستان کی جنگ ہرگز نہ تھی۔ دراصل یہ جنگ ملک اختر (قادیانی)، ایم۔ ایم۔ احمد (قادیانی) بھٹو، عزیزاحمد، اور نذیر احمد (قادیانی) نے شروع کروائی تھی" جب میں نے پوچھا کہ "جنگ شروع کروانے سے ان حضرات کا کیا مقصد تھا"؟ تو نواب صاحب نے جواب دیا "یہ لوگ ایوب خان کو شکنجے میں کس کر اپنی طاقت بڑھانا چاہتے تھے اس

عمل سے اگر پاکستان کا ستیاناس ہوتا ہے توان کی بلا سے" (شہاب نامہ، ص۔932)

پاکستان کی مسلح افواج کے سابق کمانڈرانچیف جنرل محمد موسیٰ بھی اسی قسم کے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ۔۔۔۔

"ایوب خان مرحوم کو ایک خاص ٹولے نے اپنے دام میں پھنسا لیا۔ ایوب خان (1965ء کی پاک بھارت جنگ کے) اس جال میں کیسے پھنس گئے۔ بظاہر یہ ایک معمہ ہے مگر میرا ذاتی تجربہ یہ ہے کہ ایک ٹولے نے ایوب خان پر اس قدر دباؤ ڈالا کہ وہ یہ خطرہ لینے پر تیار ہوگئے ان سے کہا گیا کہ یہ موقع بھی 1962ء کی طرح ضائع ہوگیا تو پھر قوم آپ کو کبھی معاف نہیں کرے گی اور اگر اسی مرحلے پر جرات کا مظاہرہ کیا گیا تو آپکا نام تاریخ میں ہمیشہ کے لئے محفوظ ہوجائے گا"۔

(ماہنامہ اُردو ڈائجسٹ لاہور۔ ص 22۔ شمارہ ستمبر 1986ء)

1965ء کی جنگ کے ہیرو، مایہ ناز پاکستانی سپوت اور پاکستان فضائیہ کے اسکواڈرن لیڈر ایم۔ ایم۔ عالم بھی اس جنگ کو قادیانی سازش قرار دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ

"قادیانیوں نے اس جنگ میں اس لئے حصہ لیا کہ انہیں قادیان کا علاقہ واپس ملنے کی توقع تھی۔ اس لئے ملک اختر کو ہٹا کر یحییٰ خان کو بھیجنے کا فیصلہ درست تھا"

(روزنامہ جنگ لاہور۔ 6 ستمبر 1986ء)

1965ء کے معرکے میں چھمب جوڑیاں بارڈر پر ابتداء دو قادیانی جرنیل اختر حسین ملک اور بریگیڈیئر عبدالعلی مقرر تھے جنہوں نے کمال شرمناک کردار سے چھمب میں سب سے بڑا پاکستانی آپریشن (گرانڈ سلام) ناکام کروایا۔

"1965 کی جنگ کے دوران پورے ملک میں دشمن کے حملے سے محفوظ رہنے کے

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

لئے سرکاری طور پر بلیک آؤٹ کرنے کا حکم تھا لیکن پاکستان میں "ربوہ" وہ واحد جگہ تھی جہاں اس سرکاری حکم کو صریحاً خلاف ورزی کی جاتی رہی۔ "ربوہ" کی روشنیاں بھارتی طیاروں کو سرگودھا کے ہوائی اڈے کا محل وقوع بتانے کے لئے چلائی جاتی رہیں اور بالآخر ایئر فورس کی شکایت پر واپڈا کو "ربوہ" کی بجلی منقطع کرنی پڑی"

(قادیانیت کا سیاسی تجزیہ۔ص32)

مشرقی پاکستان کی علیحدگی میں قادیانیوں کا کردار

قادیانیوں نے باقاعدہ پلاننگ کے تحت پہلے مغربی پاکستان کیلئے مشکلات پیدا کیں اور پھر ان میں تلخی کا رنگ اس طرح بھرا کہ مشرقی پاکستان کے رہنے والوں کے دلوں میں مغربی پاکستان کے لئے نفرت کا جذبہ پیدا ہوا۔ جو انہیں تعصب اور بغاوت کے راستہ پر لے گیا۔ مشرقی پاکستان کے معروف لیڈر مولانا فرید احمد مرحوم نے اپنی کتاب میں لکھا۔

"موتمر عالم اسلامی کے سیکرٹری جنرل عنایت اللہ نے انہیں کراچی میں بتایا تھا کہ یہودی ایم۔ایم۔احمد کی معرفت اپنی مذموم کارروائیوں میں مصروف ہیں ۔انہیں تل ابیب سے ہدایات ملتی ہیں۔ قادیانیوں اور یہودیوں کی ساز باز اتنی عیاں ہے کہ نظرانداز نہیں کی جاسکتی"۔

(سورج بادلوں کی اوٹ میں ۔ص۔98)

"مشرقی پاکستان کی علیحدگی کا منصوبہ تل ابیب میں تیار کیا گیا تھا"

اقتصادی ماہرین کے مطابق مشرقی پاکستان کے باسیوں کی ناراضگی کا سب سے بڑا سبب تفریق معیشت اور محکمہ مال کی غلط منصوبہ بندیاں تھیں۔ مشرقی پاکستان کی معاشی بدحالی اور غلط منصوبہ بندی کا اصل محرک سیکرٹری مالیات مرزا غلام احمد قادیانی کا پوتا ایم۔ایم۔احمد تھا۔ جس

نے مالی مشیر، سیکرٹری فنانس اور منصوبہ بندی کے ڈپٹی چیئرمین کی حیثیت سے مشرقی پاکستان کی غریب اور مصیبت زدہ عوام کو اُن کے جائز حقوق سے بھی محروم رکھا اور ہر موقع پر ان کو دبانے کی کوشش کی۔ اس بے بسی اور مایوسی کی فضاء نے مشرقی پاکستان کے رہنے والوں کیلئے پاکستان سے بیزاری اور بغاوت کے دروازے کھول دیے۔ یہ حقیقت ہے کہ "مولانا شاہ احمد نورانی" وہ واحد سیاستدان تھے۔ جنہوں نے ایم۔ایم۔احمد کی غلط منصوبہ بندی کی وجہ سے مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے خطرے کی نشاندہی سب سے پہلے کی اور حکومت کو متنبہ کیا کہ

"ایم۔ایم۔احمد کی متعصبانہ اقتصادی پالیسیوں کی وجہ سے ملک ٹوٹ جائے گا۔ لہذا ایم۔ایم۔احمد کو فوری طور پر حکومت سے علیحدہ کیا جائے۔ انہوں نے یہ انکشاف بھی کیا کہ نئی دہلی اور تل ابیب میں پاکستان توڑنے کے لئے ایک خوفناک سازش تیار کی گئی ہے۔ اور ایم۔ایم۔احمد سامراجیوں کی طرف سے پوری سرگرمیوں سے اس میں ملوث ہیں"۔

16 دسمبر 1971ء کا دن سقوط ڈھاکہ کا سورج لے کر طلوع ہوا۔ بنگلہ دیش کا قیام پاکستان کے مسلمانوں کیلئے ایک المناک سانحہ سے کم نہ تھا۔ اپنوں سے بچھڑنے کے غم میں پوری قوم نڈھال تھی۔ پورے پاکستان میں جنرل یحیٰی خان، ایم۔ایم۔احمد اور اس سازش میں ملوث سول و فوجی مشیروں کے خلاف مقدمہ چلانے کے لئے بڑے بڑے جلوس نکالے جا رہے تھے لیکن قادیانی اخبار "الفضل" سقوط ڈھاکہ کو ایک عارضی شکست قرار دیتے ہوئے کہہ رہا تھا کہ

"پاکستان میں جو اہم سیاسی تبدیلیاں وقوع پذیر ہوتی ہیں وہ اندھیرے میں روشنی کی کرن کی طرح ہیں"

(الفضل۔24 دسمبر 1971ء)

ربوہ میں مرزائیوں نے اس سانحہ پر خوشی میں مٹھائیاں تقسیم ہوئیں اور انہوں نے اپنے مکانوں پر نہ

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

صرف چراغاں کیا بلکہ ربوہ کی سڑکوں پر رت بھر رقص کر کے اُمت مسلمہ کے زخموں پر نمک پاشی بھی کی۔

پاکستان کی مسلح افواج اور یہودی وقادیانی عزائم

1965ء کی پاک بھارت جنگ میں جنرل اختر ملک قادیانی کی ''ربوہ سٹریٹیجی'' جب ناکام ہوگئی تو قادیانیت کے اصل عزائم کی شکست کا دکھ اگر کسی قوم کو ہوا تو وہ یہودی قوم تھی چنانچہ اسرائیل کی صیہونی حکومت نے اپنے ملک کی افواج میں 600 قادیانیوں کو شامل کیا اور ایک یہودی فوجی ماہر مسٹر ہرٹر نے ایک یہودی جریدے میں لکھا کہ۔

''پاکستانیوں کے اندر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا (معاذ اللہ) خاتمہ کردیا جائے''

اسی قسم کی رائے ایک یہودی دانشور نے دی کہ۔

''پاکستانی فوج اپنے رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے غیر معمولی عشق رکھتی ہے یہی بنیاد ہے جس نے پاکسان اور عربوں کے باہمی رشتے کو مضبوط کررکھا ہے لہذا یہودیوں کو چاہیے کہ وہ ہر ممکن طریقے سے پاکستانیوں کے اندر سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت کا خاتمہ کردیں''

(روزنامہ نوائے وقت لاہور۔22 مئی 1972ء)

اسرائیل جوکہ پہلے دن سے ہی پاکستان اور اسلام کے خلاف سوچتا اور کرتا ہے اس نے دراصل قادیانیوں کو اپنی فوج میں بھرتی کرکے انہیں پاکستان میں ہی ذمہ داریاں سونپی ہوئی ہیں لیکن بدقسمتی سے ہماری آنکھیں بند ہیں اور ہم قادیانیوں کو محب وطن سمجھے ہوئے ہیں یروشلم پوسٹ میں اسرائیل کے سابق صدر مسٹر ڈیوڈ گوربان کا بیان ملاحظہ کریں۔

''پاکستان دراصل ہمارا نظریاتی چیلنج ہے بین الاقوامی صیہونی تحریک کو کسی طرح بھی پاکستان کے بارے میں غلط فہمی کا شکار نہیں رہنا چاہیے اور نہ پاکستان کے خطرے سے غفلت کرنی چاہیے۔ پاکستان کا فکری سرمایہ (اسلام) اور جنگی قوت ہمارے لئے آگے چل کر سخت مصیبت کا باعث بن سکتی ہے۔ لہذا ہندوستان سے گہری دوستی ضروری ہے بلکہ ہمیں اس تاریخی عناد ونفرت سے بین الاقوامی دائروں کے ذریعے اور بڑی طاقتوں میں اپنے نفوذ سے کام لے کر ہندوستان کی مدد اور پاکستان پر بھرپور ضرب لگانے کا انتظار کرنا چاہیے یہ کام نہایت راز داری کے ساتھ اور خفیہ منصوبوں کے تحت انجام دینا چاہیے'' (نوائے وقت۔3 ستمبر 1973ء)

چنانچہ مرزا محمود قادیانی نے اس منصوبے پر عمل درآمد کی خاطر پاکستان میں اپنے مریدوں کو واضح الفاظ میں ہدایت جاری کی کہ۔۔۔۔

''پاکستان میں اگر ایک لاکھ احمدی سمجھ لئے جائیں تو 9 ہزار احمدیوں کو فوج میں جانا چاہیے فوجی تیاری نہایت اہم چیز ہے۔ جب تک آپ جنگ فنون نہیں سیکھیں گے کام کس طرح کریں گے''

(الفضل۔11۔اپریل 1950ء)

مسلح افواج میں شامل قادیانی افسران کی تعداد

15 فروری 1987ء کو پاکستان کی قومی اسمبلی میں وزیر خارجہ صاحبزادہ یعقوب علی خان نے قومی اسمبلی میں پاکستان کی مسلح افواج میں شامل قادیانی افسران کی تعداد 328 بیان کی جو اس وقت مختلف عہدوں پر بلکہ اعلیٰ عہدوں پر فائز تھے۔ ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ لیفٹیننٹ جنرل (یا مساوی) بری فوج میں 1

2۔ کرنل (یا مساوی) بری فوج میں۔۔۔۔(10) بحریہ میں دو (2) اور

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

فضائیہ میں (3)

3۔ بریگیڈیئر (یا مساوی) بری فوج میں (5) اور فضائیہ میں ایک (1)

4۔ لیفٹیننٹ کرنل (یا مساوی)۔ بری فوج میں چھپن (56) بحریہ میں چھ (6) اور فضائیہ میں گیارہ (11)

5۔ میجر (یا مساوی) بری فوج میں ایک سو پینتیس (135) بحریہ میں (5) اور فضائیہ میں سولہ (16)

6۔ کپتان (یا مساوی) بری فوج میں اٹھاون (58) بحریہ میں پانچ (5) اور فضائیہ میں چودہ (14)

(روزنامہ جنگ راولپنڈی۔16 فروری 1987ء)

نوٹ: قائد اہلسنت، قائد ملت اسلامیہ امام الشاہ احمد نورانی رحمۃ اللہ علیہ کے لخت جگر قائد اہلسنت جناب شاہ محمد اویس نورانی صدیقی صاحب کی تحقیق کے مطابق اس وقت ان افسران کی تعداد 637 ہو چکی ہے

نہایت توجہ طلب بات یہ ہے کہ جس مذہب میں جہاد کرنا ہے ہی حرام وہ جہاد میں کیوں کر دلچسپی لے سکتے ہیں؟ ایک طرف مرزا غلام احمد قادیانی کی تعلیم، جہاد حرام ہو چکا ہے" پر زور دیا جا رہا ہے اور دوسری طرف افواج پاکستان میں اتنی تعداد افسران کی۔۔۔ سمجھ میں بات یہ آتی ہے کہ یہ لوگ جنگ یا جہاد کرنے کی نیت سے نہیں بلکہ پاکستان کے خلاف سازش اور غداری کیلئے بھرتی ہوتے ہیں اور قادیانی اور یہودی عزائم کو تقویت پہنچاتے ہیں۔

پاکستان میں مختلف ادوار حکومت پر قادیانی اثرات

قائد اعظم کا دور حکومت

قائد اعظم محمد علی جناحؒ کے دور حکومت کی تفصیل گزر چکی ہے اجمالاً خاکہ یوں ہے کہ ملک کے اقتدار کی منتقلی یا چارج کی منتقلی اس بات پر مشروط تھی کہ وزیر خارجہ ظفر اللہ خان قادیانی کو بنایا جائے جسکی وجہ سے قادیانیت پوری دنیا میں پھیلنے کا سبب بنا۔

خان لیاقت علی کا دور

